

دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

ختم بخاری شریف، امتحانات کا انعقاد اور تسلی بخش نتائج

دارالعلوم کے تعلیمی سال کے اختتام پر رجب کے آخری عشرہ میں دارالعلوم کی جامع مسجد میں ختم بخاری شریف کی تقریب منعقد ہوئی۔ حسب سابق اس سال بھی بغیر کسی پیشگی اطلاع اور اعلان کے قرب وجوار سے دارالعلوم کے محبین ومخلصین علماء وفضلاء اور شائقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا۔ اور مختصر خطاب بھی فرمایا۔ اس موقعہ پر طلباء دورہ حدیث کی دستاربندی کے علاوہ دارالحفظ والتجوید کے ۲۵ طلبہ کو حفظ القرآن کی سندات بھی تقسیم کی گئیں۔

۲۷ رجب سے تعلیمی سال کے اختتام پر دارالعلوم کے سالانہ تقریری اور تحریری امتحانات منعقد ہوئے جو ہفتہ بھر جاری رہے۔ طلبہ دورۂ حدیث اور دوسرے درجات کے جن طلبہ نے وفاق المدارس کے امتحانات میں شرکت کی تھی ان کے لئے کراچی اور ملک کے دوسرے حصوں سے علماء کرام نگرانی کے لئے تشریف لائے اس سال اور اب کے امتحانات کے نتائج کے پیش نظر عمومی طور پر طلبہ کا تعلیمی معیار تسلی بخش رہا۔

نیز دارالعلوم کے دورۂ حدیث کے دو طلبہ کو اس سال یہ اعزاز بھی حاصل رہا کہ وفاق المدارس کے امتحانات میں پورے ملک کی سطح پر انہوں نے دوم اور سوم کی پوزیشن حاصل کی چنانچہ مولانا محمد الیاس صاحب اکوڑوی نے ۶۰۰ میں ۵۵۵ نمبر حاصل کر کے کل پاکستان میں دوسری اور مولانا اشرف علی مردانی نے ۶۰۰ میں سے ۵۵۲ نمبرات حاصل کر کے ملکی سطح پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔

تعطیلات | سالانہ تعطیلات میں اگرچہ تعلیمی اور تدریسی سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے تاہم کتب خانہ، انتظامی امور کے مختلف دفاتر، مؤتمر المصنفین، ماہنامہ الحق، دارالتصنیف، دارالافتاء، دارالحفظ والتجوید اور انتظامی امور کے سلسلہ میں باقاعدگی سے کام ہوتا رہا۔ رمضان المبارک میں دارالحفظ کے حفاظ نے پورے علاقے میں پھیل کر جگہ جگہ اللہ کا قرآن سنایا جس سے پورے علاقے میں قرآنی اور روحانی فضا قائم رہی۔